# پرچۂ امتحان سالانہ
# EXAM PAPER FINAL

تحریری
WRITTEN

DEENIYAT دینیات

## SECONDRY COURSE 9TH YEAR
## ثانوی کورس سال نہم

| قرآن | | | حدیث | | | عقائد و مسائل | | | اسلامی تربیت | | | زبان | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| علم تجوید | 10 | | آداب | 30 | | عقائد | 40 | | سیرت | 50 | | عربی | 50 | |
| درس قرآن | 40 | | درس حدیث | 40 | | مسائل | 40 | | اخلاقی تعلیم | 50 | | اُردو | 20 | |

Academic Year تعلیمی سال

Batch Time تعلیم کا وقت

Student's Name طالب علم / طالبہ کا نام

Name & Address of Maktab مکتب کا نام و پتہ

Teacher's Name معلم / معلّمہ کا نام

## قرآن (علم تجوید)

**4 Marks**

سوال نمبر (۱) نیچے دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر (✓) کا نشان لگائیں۔

۱ واؤ ساکن سے پہلے زبر ہو، تو کیا ہو گا؟

واؤ مدہ [ ] واؤ ساکن [ ] واؤ لین [ ] واؤ مشدد [ ]

۲ مدِ لین کی کتنی قسمیں ہیں؟

۲ [ ] ۳ [ ] ۴ [ ] ۵ [ ]

۳ مدِ متصل کی مقدار کتنی ہے؟

قصر [ ] طول [ ] توسط [ ] ایک الف [ ]

۴ حرف مد کے بعد ہمزہ یا سکون ہو، تو اسے کیا کہتے ہیں؟

مدفرعی [ ] مد اصلی [ ] مد لازم [ ] مد متصل [ ]

**6 Marks**

سوال نمبر (۲) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

۱ مد منفصل کسے کہتے ہیں؟

.............................................................................................................

۲ مدفرعی کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون سی؟

.............................................................................................................

۳ مد لین لازم کسے کہتے ہیں؟

.........................................................................................................

## قرآن (درس قرآن)

سوال نمبر (۱) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 12 Marks

۱ کس طرح مال جمع کرنے پر سخت مذمت بیان کی گئی ہے؟

.........................................................................................................

۲ زمانہ کس بات کا گواہ ہے؟

.........................................................................................................

۳ کس چیز نے انسان کو غفلت کی نیند سُلا رکھا ہے؟

.........................................................................................................

۴ جنتی کو دوزخ کیوں دکھائی جائے گی؟

.........................................................................................................

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔ 8 Marks

۱ قیامت میں دنیا کی ہر لذت کے متعلق سوال ہوگا۔ [ ]

۲ سورۂ عصر پڑھنے کا ثواب ایک ہزار آیتوں کے برابر ہے۔ [ ]

۳ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر لوگ صرف اسی سورت (سورۂ عصر) میں غور وفکر کرلیتے، تو یہی ان کے لیے کافی تھی۔ [ ]

۴ کسی کے سامنے کوئی ایسی بات کہی جائے جس سے اس کا دل دُکھے، اسے طعنہ کہتے ہیں، یہ غیبت سے بھی زیادہ سنگین ہے۔ [ ]

سوال نمبر (۳) نیچے دی گئی آیات کا محاوری ترجمہ کریں۔ 20 Marks

۱ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ، لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ.

.........................................................................................................

۲ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ، نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ.

.........................................................................................................

۳ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ، وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ.

.........................................................................................................

۴ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۔

..........................................................................................

۵ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۔

..........................................................................................

## حدیث (آداب)

سوال نمبر (۱) صدقے کے ۵/ آداب تحریر کریں۔ **20** Marks

۱ ..........................................................................................

۲ ..........................................................................................

۳ ..........................................................................................

۴ ..........................................................................................

۵ ..........................................................................................

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔ **10** Marks

۱ خندہ پیشانی سے (مسکراکر) ملاقات کرنا۔ [ ]

۲ خطبے کے دوران کوئی لغو حرکت نہ کرنا۔ [ ]

۳ سفر سے آنے کے بعد معانقہ نہ کرنا۔ [ ]

۴ جمعہ کے دن کثرت سے درود شریف پڑھنا۔ [ ]

۵ ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا۔ [ ]

## حدیث (درسِ حدیث)

سوال نمبر (۱) نیچے دی گئی احادیث کا ترجمہ کیجیے۔ **16** Marks

۱ ذَاقَ طُعْمَ الْاِيْمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا ۔

..........................................................................................

۲ اَلْحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ ۔

..........................................................................................

۳ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهٖ.

...........................................................................................................

۴ مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالَا يَعْنِيْهِ.

...........................................................................................................

---

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✕) کا نشان لگائیں۔ **12 Marks**

۱ ایمان کی لذت اور ذائقے کو وہی شخص محسوس کرسکتا ہے؛ جس میں کچھ مخصوص صفات ہوں۔ [ ]

۲ خواہشات کی پیروی کرنے سے انسان کو دنیا میں خوب ترقی ملتی ہے۔ [ ]

۳ انسان کو اپنی قوتوں اور صلاحیتوں کو صحیح جگہ لگا کر اپنی زندگی کو قیمتی بنانا چاہیے۔ [ ]

۴ اگر ہم تجارت کریں، تو ہمیں قسمیں کھا کر سودا نہیں بیچنا چاہیے۔ [ ]

۵ جب انسان اپنی مرضی سے جیتا ہے اور من مانی زندگی گزارتا ہے، تو اس میں صحیح غلط کی تمیز آجاتی ہے۔ [ ]

۶ ایک اچھے مسلمان کی پہچان یہ ہے کہ وہ بے فائدہ باتوں اور بے کار کاموں میں اپنی زندگی نہیں ضائع کرتا۔ [ ]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **12 Marks**

۱ رسول اللہ ﷺ نے تاجروں کو کس چیز سے منع فرمایا ہے؟

...........................................................................................................

۲ ایک اچھا اور خوش نصیب مسلمان بننے کے لیے کیا ضروری ہے؟

...........................................................................................................

۳ اللہ کو اپنا رب مان کر راضی ہونے کا مطلب کیا ہے؟

...........................................................................................................

۴ انسان کا سب سے بڑا دشمن کون ہے؟

...........................................................................................................

---

## عقائدومسائل (عقائد)

---

سوال نمبر (۱) صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ **10 Marks**

۱ ہمیں کس چیز کے بارے میں بحث و حجت نہ کرنے کی تعلیم دی گئی ہے؟

قیامت [ ]  حساب و کتاب [ ]  تقدیر [ ]  بعث بعد الموت [ ]

---

۲ اچھے حالات پیش آئیں، تو کیا کرنا چاہیے؟

توبہ و استغفار [ ]　　شکر [ ]　　سیر و تفریح [ ]　　صبر [ ]

۳ نیکیوں کا پلڑا ہلکا ہونا کس بات کی علامت ہو گی؟

نقصان و خسارہ [ ]　　نجات [ ]　　ظلم [ ]　　عدل [ ]

۴ میدانِ حشر میں کتنی باتوں کے بارے میں سوال ہو گا؟

۷/ [ ]　　۶/ [ ]　　۵/ [ ]　　۴/ [ ]

۵ قیامت کا ایک دن کتنے سال کا ہو گا؟

دو لاکھ [ ]　　ایک لاکھ [ ]　　پچاس ہزار [ ]　　پچیس ہزار [ ]

---

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✕) کا نشان لگائیں۔ **10 Marks**

۱ ''بصیر'' اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، جس کے معنیٰ ہیں سننے والا۔ [ ]

۲ قبر میں مُردے سے سوال کرنے والے فرشتوں میں سے ایک کو ''کراما'' اور دوسرے کو ''کاتبین'' کہتے ہیں۔ [ ]

۳ بعث بعد الموت کے معنیٰ ہیں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جانا۔ [ ]

۴ میدانِ حشر میں حضرت آدم علیہ السلام کے شفاعت فرمانے کے بعد حساب و کتاب شروع ہو گا۔ [ ]

۵ مسلمانوں کے چھوٹے بچے جو بلوغ سے پہلے مر جاتے ہیں، وہ قیامت کے دن اپنے ماں باپ کی سفارش کریں گے۔ [ ]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **20 Marks**

۱ برزخ کس جہاں کو کہتے ہیں؟

..............................................................................................................................

۲ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کے بارے میں ہم مسلمانوں کا کیا عقیدہ ہے؟

..............................................................................................................................

۳ حساب و کتاب کسے کہتے ہیں؟

..............................................................................................................................

۴ میزان قائم کرنے کا مقصد کیا ہے؟

..............................................................................................................................

۵ تقدیر کسے کہتے ہیں؟

..............................................................................................................................

---

## عقائدومسائل (مسائل)

سوال نمبر (۱) نیچے دیے ہوئے صحیح مسئلے پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ **16 Marks**

۱ زکاۃ کی نیت سے قرض معاف کرنے سے زکاۃ ادا نہیں ہوگی۔ [ ]

۲ کالی مہندی کے نام سے جو خضاب لوگوں میں مشہور ہے، جس سے بال بالکل کالے ہوجاتے ہیں، اس کا لگانا جائز نہیں ہے۔ [ ]

۳ زکاۃ کی ادائیگی کے لیے شریعت میں رمضان کا مہینہ متعین ہے۔ [ ]

۴ جس نے کسی وجہ سے رمضان کے روزے نہیں رکھے، اس پر بھی صدقۂ فطر واجب ہے۔ [ ]

۵ صدقۂ فطر کی مقدار ایک کلو جَو، منقّیٰ یا کھجور ہے یا پھر آدھا کلو گیہوں ہے۔ [ ]

۶ فلمی اداکارہ کے اپنائے ہوئے فیشن ایبل لباس یا اس کی کسی اور چیز کو اپنانا جائز نہیں ہے۔ [ ]

۷ اگر نصابِ زکاۃ پر سال مکمل ہونے سے پہلے کوئی زکاۃ ادا کرنا چاہے، تو اس کی اجازت نہیں ہے۔ [ ]

۸ اگر کسی کا دانت ٹوٹ جائے، تو چاندی کے دانت لگانے کی اجازت ہے اور اگر اس سے تکلیف ہو، تو پھر سونے کے دانت لگانے کی اجازت نہیں ہے۔ [ ]

---

سوال نمبر (۲) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **24 Marks**

۱ بنیادی ضرورت کسے کہتے ہیں؟

........................................................................................................................

۲ کس مال میں زکاۃ فرض ہے؟

........................................................................................................................

۳ کیا تجارت کی چیزوں پر زکاۃ فرض ہے؟ اس کی زکاۃ کس طرح نکالی جائے گی؟

........................................................................................................................

۴ زکاۃ ادا کرنا کب فرض ہے؟

........................................................................................................................

۵ مصرف زکاۃ کسے کہتے ہیں؟ ۴/ مصرف زکاۃ بتایئے۔

........................................................................................................................

۶ بیت الخلا جاتے وقت کون سی انگوٹھی کو اتارنے کا حکم ہے؟

........................................................................................................................

## اسلامی تربیت (سیرت)

سوال نمبر (۱) صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ 12 Marks

۱ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا نام کیا ہے؟

محمد [ ] احمد [ ] محمود [ ] حماد [ ]

۲ حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

کوفہ [ ] بخارہ [ ] سمرقند [ ] بغداد [ ]

۳ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس صحابی کے ساتھ ہوا؟

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ [ ] حضرت عمر رضی اللہ عنہ [ ] حضرت عثمان رضی اللہ عنہ [ ] حضرت علی رضی اللہ عنہ [ ]

۴ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں نقل کی گئی ہیں؟

۲۲۱۰/ [ ] ۴۶/ [ ] ۳۱۳/ [ ] ۶۴/ [ ]

۵ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس قبیلے کے سردار کی بیٹی تھیں؟

بنو نضیر [ ] بنو قریظہ [ ] اوس [ ] خزرج [ ]

۶ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

سنہ ۳۰ھ [ ] سنہ ۵۰ھ [ ] سنہ ۴۰ھ [ ] سنہ ۶۰ھ [ ]

---

سوال نمبر (۲) نیچے دیے ہوئے صحیح جملے پر (✓) اور غلط پر (✕) کا نشان لگائیں۔ 14 Marks

۱ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ [ ]

۲ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر خُنیس بن حذافہ تھے۔ [ ]

۳ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ۱۱۲۰/ حدیثیں مروی ہیں۔ [ ]

۴ سب سے پہلی وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر غار حرا میں نازل ہوئی۔ [ ]

۵ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ [ ]

۶ نبوت ملنے پر سب سے پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کی تصدیق کی اور ایمان قبول کیا۔ [ ]

۷ حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا لقب "ام المساکین" تھا۔ [ ]

24 Marks

سوال نمبر (۳) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

۱ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا میں کیا صفات تھیں؟

..........................................................................................

۲ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر کون تھے اور ان کا انتقال کب ہوا؟

..........................................................................................

۳ صلح حدیبیہ کے وقت حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا مشورہ دیا؟

..........................................................................................

۴ تمام مسلمانوں نے بنو مصطلق کے لوگوں کو کیا کہہ کر آزاد کر دیا؟

..........................................................................................

۵ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ کس وجہ سے کیا تھا؟

..........................................................................................

۶ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کون سا عمل بتایا، جو خادمہ سے بہتر ہے؟

..........................................................................................

## اسلامی تربیت (اخلاقی تعلیم)

14 Marks

سوال نمبر (۱) نیچے دیے گئے جملوں کا تعلق جس مضمون سے ہو، اس کا صحیح نمبر قوسین میں لکھیں۔

(۱) شرم وحیا کرنا۔ (۲) عاریت کا واپس کرنا۔ (۳) بڑوں کی عزت کرنا۔ (۴) اللہ کا شکر ادا کرنا۔ (۵) اچھے اخلاق۔
(۶) کسی پر تہمت نہ لگانا۔ (۷) غریبوں کو کھلانا پلانا۔

۱ کسی پر جھوٹا الزام لگانے سے اس کو دلی تکلیف پہنچتی ہے، اس کی ذلت اور رسوائی ہوتی ہے۔ [ ]

۲ اگر کوئی ضرورت مند ہو اور وہ اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے کسی سے کوئی چیز مانگے، تو اسے دے دینا چاہیے۔ [ ]

۳ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوکوں کو کھانا کھلاؤ اور بیماروں کی خبر لو (اور ان کی دیکھ بھال کرو)۔ [ ]

۴ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔ [ ]

۵ ہم لوگوں کو چاہیے کہ بڑی عمر والوں کو سلام کرنے میں پہل کریں، ان کے سامنے ادب وسلیقے سے بیٹھیں۔ [ ]

۶ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کے بعد جن چیزوں پر زیادہ زور دیا ہے، ان میں سے اخلاق حسنہ بھی ہیں۔ [ ]

۷ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اَن گنت نعمتیں دی ہیں، یہ نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ اگر ہم ان کو گننا چاہیں، تو نہیں گن سکتے ہیں۔ [ ]

سوال نمبر (۲) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ **12 Marks**

۱ ____________ بہت بڑی نعمت ہے، اس کا شکر یہ ہے کہ ہم اللہ کی خوب عبادت کریں، کمزوروں کی مدد کریں۔

[اولاد/روپیہ پیسہ/تندرستی/حسن اخلاق]

۲ ____________ انسان میں ایسی قوت کا نام ہے، جس کی وجہ سے وہ خیر و بھلائی کی طرف بڑھتا ہے اور برائی سے بچتا ہے۔

[دوستی/حیا/تندرستی/سخاوت]

۳ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جماعت کی نماز اپنے گھر اور بازار میں اکیلے کی نماز سے ________ گنا زیادہ ثوات رکھتی ہے۔ [۱۵/۲۰/۲۵/۳۰]

۴ ____________ سے حیا کی صورت یہ ہے کہ پاکیزہ اور نیک بات کہنے میں تأمل نہ کیا جائے اور بری باتوں سے بچا جائے۔

[اللہ تعالیٰ/انبیاء/نفس/لوگوں]

۵ ____________ کا گناہ غیبت سے بھی بڑھا ہوا ہے۔ [جھوٹ/بدزبانی/تہمت/چغل خوری]

۶ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ____________ کرنے میں اعتدال اور میانہ روی پر قائم رہتا ہے، وہ کبھی فقیر و محتاج نہیں ہوتا۔

[خرچ/سفر/بات/غصہ]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **24 Marks**

۱ شکر کا مطلب کیا ہے؟

..........................................................................................

۲ جماعت کے ساتھ نماز نہ پڑھنے کے سلسلے میں حدیث میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

..........................................................................................

۳ فضول خرچی کسے کہتے ہیں؟

..........................................................................................

۴ اللہ تعالیٰ سے حیا کرنے کا کیا مطلب ہے؟

..........................................................................................

۵ تہمت کسے کہتے ہیں؟

..........................................................................................

۶ کسی مسلمان کی مصیبت اور تکلیف پر خوشی ظاہر کرنے کے سلسلے میں حدیث میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

..........................................................................................

---

## زبان (عربی)

سوال نمبر (۱) عربی زبان میں ترجمہ کریں۔ 18 Marks

۱ حامد کی دو کتابیں نئی ہیں۔ ..........

۲ وہ دو مچھلیاں چھوٹی ہیں۔ ..........

۳ کسان کی دو گائے موٹی ہیں۔ ..........

۴ یہ دو منارے بلند ہیں۔ ..........

۵ تم دونوں بیمار ہو۔ ..........

۶ دو طالبہ کامیاب ہیں۔ ..........

سوال نمبر (۲) اردو زبان میں ترجمہ کریں۔ 12 Marks

۱ شَارِعَا الْقَرْيَةِ وَاسِعَانِ. ..........

۲ تَانِكَ الصَّيْدَلِيَّتَانِ كَبِيْرَتَانِ. ..........

۳ هٰذَانِ الشَّارِعَانِ وَاسِعَانِ. ..........

۴ ذٰنِكَ نَجَّارَانِ. ..........

۵ هَاتَانِ شَجَرَتَانِ. ..........

۶ اَلْبِنْتَانِ صَغِيْرَتَانِ. ..........

سوال نمبر (۳) درج ذیل سوالات کے جوابات عربی میں دیں۔ 20 Marks

۱ أَيُّ لِسَانٍ ضَرُوْرِيٌّ لِلْمُسْلِمِ؟ ..........

۲ هَلْ شُكْرُ اللهِ وَاجِبٌ عَلَى الْإِنْسَانِ؟ ..........

۳ مَنْ خَالِقُكَ وَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ؟ ..........

۴ هَلْ ذٰلِكَ دُكَّانُ الْفَاكِهَانِيِّ؟ ..............................

۵ مَنِ الرَّازِقُ؟ ..............................

## زبان (اُردو)

سوال نمبر (۱) خط کشیدہ الفاظ کے معنیٰ لکھیں۔ **14** Marks

۱ جنھیں پڑھ کر آپ کو مزید بصیرت و آگاہی حاصل ہوگی۔ ..............................

۲ وہاں سے گذرنے والے تجارتی قافلوں اور راہ گیروں پر ڈاکے ڈالتے۔ ..............................

۳ لوگوں کے مال و اسباب نت نئے طریقوں سے لوٹتے رہے۔ ..............................

۴ جو مال ظلم و خیانت سے لیا جاتا ہے، اس میں نحوست ہی نحوست ہوتی ہے۔ ..............................

۵ کسی کے یہاں آگ لگی اور سب جل کر خاکستر ہوگیا۔ ..............................

۶ اس میں کجی تلاش کرنا بڑی نازیبا حرکت ہے۔ ..............................

۷ انھوں نے کسی بڑے پیچیدہ مسئلے کو حل کرلیا ہے۔ ..............................

سوال نمبر (۲) نیچے دی گئی عبارت کو خوش خط لکھیں۔ **6** Marks

۱ اب میرا فرض ہے کہ میں تمھارے سامنے صراطِ مستقیم کو واضح کردوں۔

..............................

۲ لہٰذا اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو، یہی کامیابی کا راستہ ہے۔

..............................

۳ عنقریب تمھیں پتہ چل جائے گا کہ کون سچا ہے اور کون جھوٹا؟

..............................